Royal Papworth Hospital
NHS Foundation Trust

# سرجری والی جگہ(زخم) پر انفیکشن کی روک تھام

مریض کی رہنمائی کے لیے گائیڈ

Compassion
Excellence
Collaboration

**اوکٹینیسن نوز جیل**

**آپ کو آپ کی ناک میں موجود بیکٹیریا کی تعداد کو کم کرنے کے لیےاوکٹینیسن نوز جیل کی ایک ٹیوب دی جائے گی۔**

**براہ کرم ڈبے کے اندر موجود معلوماتی پرچی پر درج کردہ ہدایات کے مطابق استعمال کریں سوائےاس کے کہ آپ اس میں شامل اجزا سے ہونے والی الرجی یا حساسیت سےآگاہ ہوں۔**

**نوز جیل دن میں دو مرتبہ ناک کے نتھنوں میں پانچ دن تک استعمال کریں۔ سرجری کی تاریخ سے دو دن پہلے لگانا شروع کریں اور سرجری کے دو دن بعد تک اس کا استعمال جاری رکھیں۔**

**یہ ضروری ہے کہ ہر نتھنے میں ایک بار لگائیں۔ناک کی باہری حصے پر مساج کر کے اس مئوثر استعمال کو یقینی بنائیں۔ اس نوز جیل کا ذائقہ آپ کو منہ میں محسوس ہوگا۔**

اگر آپ کو سرجری سے دو دن پہلے جیل استعمال کرنے کا موقع نہیں ملتا تو پھر بھی اس کا استعمال پانچ دن تک جاری رکھیں۔ مثال کے طور پر اگر آپ سرجری کے دن لگاناشروع کرتے ہیں توچار دن بعد تک لگانا جاری رکھیں۔

رائل پاپ ورتھ ہسپتال کےمریض کی حفاظت اور بہبود سے وابستگی کے حصے کے طور پر ہمارا مقصد ہے کہ ہم آپ کے سرجری والی جگہ(زخم) پر انفیکشن ہونے کے امکانات کو کم کریں۔

اس کتابچے کا مقصد آپ کو اور آپ کے خاندان کو معلومات پیش کرنا ہے تا کہ آپ ان چیزوں سے آگاہ رہیں کہ آپ اور عملہ دونوں آپ کی سرجری کے بعد زخم میں پیدا ہونے والی پیچیدگیوں کو روکنے کے مدد کر سکتے ہیں۔
اس کتابچے میں لفظ بیکٹیریا عام طور پر استعمال ہونے والی اصطلاحات، جیسے کیڑے یا جراثیم کو بیان کرنے کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔.

جب آپ کا آپریشن ہوتا ہے تودوران سرجری یا سرجری کے بعد سرجن کے لگائے گیے کٹ سے بیکٹیریا یا آب و ہوا آپ کے جسم میں داخل ہوسکتی ہے

اگر بیکٹیریا کی تعداد بڑھ جاتی ہے تو وہ ایک انفیکشن ہونے کا سبب بن جاتے ہیں جسے سرجیکل سائٹ انفیکشن(زخم والی جگہ کا انفیکشن) کہتے ہیں۔

عملہ سرجیکل سائٹ انفیکشن سے بچنے کے لیے سب احتیاطی تدابیر کرےگا لیکن ان اقدامات کی پیروی کر کے خطرے کو کم کرنے میں ہماری مدد کر سکتے ہیں:

## اوکٹینیسن باڈی واش کب استعمال کریں:

| | | دن-1 | دن-2 | دن 0 | دن+1 | دن+2 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | سرجری سے دو دن پہلے | سرجری سے ایک دن پہلے | سرجری کا دن | سرجری کے ایک دن بعد | سرجری کے دو دن بعد |
| آکٹینیسن باڈی واش: | جسم | X | X | X | X | X |
| | بال | | X | X | | |

## آکٹینیسن باڈی واش

آکٹینیسن ایک خاص جراثیم کش دوا ہے جو جلد پر بیکٹیریا کی تعداد کم کرکے زخم کے انفیکشن کا خطرہ کم کرنے میں مدد کرتی ہے۔

براہ کرم ہسپتال میں داخل ہونے سے پہلے نرس کی ہدایت کے مطابق آکٹینیسن واش کا استعمال کریں۔

ایک جدول کا خاکہ کہ باڈی واش کیسے استعمال کرنا ہے اوپر دیکھا جا سکتا ہے۔

آپ کو باڈی واش کا استعمال پانچ دن تک کرنا ہے۔ سرجری سے دو دن پہلے شروع کر کے سرجری کے دو دن بعد تک جاری رکھنا ہے

آپ نے سرجری سے ایک دن پہلے اور سرجری کی صبح اپنے بالوں کو دھونا ہے۔

آپ کے آپریشن سے ایک شام پہلے اور آپریشن کی صبح آکٹینیسن واش (بغیر پانی ملائے) بہت اچھی طرح سے جسم پر لگا کر غسل کریں۔ آپ پری ایڈمیشن کے دوران دیا گیا اوکٹینیسن باڈی واش کر سکتے ہیں یا وارڈ کے شاور روم / باتھ میں رکھا باڈی واش بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔آپ اس پروڈکٹ کو بال دھونے کے لیے بھی استعمال کریں گے۔

اگر آپ کو نہا نے میں مدد کی ضرورت ہوتو براۓ مہربانی عملے کے ممبر سے رجوع کریں۔

اگر آپ شاور استعمال کرنے سے قاصر ہیں تو اس پروڈکٹ کو اپنے معمول کےنہانےدھونے میں سنک یا باتھ میں ایک صابن کے طور پر استعمال کریں۔

1-پہلے اپنے بالوں اور جسم کو گیلا کریں۔ تقریبا تیس ملی لیٹر(دو کھانے کے چمچ) اوکٹینیسن (بغیر پانی ملائے) ایک صاف، ڈسپوز ایبل واش کلوتھ پر لگا کر استعمال کریں اگر ہسپتال میں کر رہے ہیں اور گھر میں ایک صاف کپڑے کا استعمال کریں ۔

2- اوکٹینیسن کو اپنے جسم پر گولائی میں رگڑیں،خاص طور پر اپنی بغلوں، ناف،کمر،پرینیم(مقعد اور خصیوں کے درمیان کا حصہ) اور جلد کی تہوں پر

نچلا حصہ)

- شاور کے بعد واش کلوتھ کو ضائع کر دیں،فلالین اور تولیے کو دھو لیں۔

- صاف کپڑے پہنیں اور بستر کی چادریں جیسے کہ رات کا صاف لباس اور ہسپتال کا گاؤن

وارڈ کا عملہ اس بات کو یقینی بنائے گاکہ سرجری سے پہلے آپ کے جسم کے متعلقہ حصوں سے بال تراشے جائیں۔(براہ مہربانی خود سے ان حصوں کو شیو کرنے کی کوشش نہ کریں)۔ ممکنہ طور پر سرجری کے وقت سے جتنا قریب ہو کر ہو سکے اتنے قریب لیکن دوسرے شاور سے پہلے شیو کرنا ضروری ہے۔

ذیابیطس

ہمارے نگرانی کے اعداد و شمار سے دیکھا گیا ہےکہ ذیابیطس سے آپ کے سرجیکل سائٹ پر انفیکشن ہونے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔اگر آپ کو ذیابیطیس ہے تو یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ آپ سرجری سے پہلے ایچ بی اے ون سی ٹیسٹ کروانے کے اپنے جی پی سے ملیں ۔یہ ضروری ہے کہ آپ کے خون میں گلوکوز کی سطح ٹھیک ہو تا کہ زخم کی پیچیدگیوں کو کنٹرول کیا جا سکے۔

جب آپ داخل ہوں گے تو آپ کے خون میں گلوکوز کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے گی اور اگر ضرورت پڑنے پر ذیا بیطیس کی ماہر نرسیں آپ سے ملیں گی۔ہسپتال سے خارج ہونے کےبعد آپ کو مسلسل نگرانی کے لیےجی پی کے پاس ریفر کیا جائے گا۔

آپریشن کے بعد

- سرجری کے بعد آپ کےزخم کی جگہ کو ڈریسنگ سے ڈھانپ دیا جائے گا تا کہ اس سے زخم بھرنے اور انفیکشن

خاص توجہ دیں۔

3-اس بات کو یقینی بنائیں کہ زیریں گردن جسم کے تمام حصے اوکٹینسن باڈی واش سے اچھی طرح ڈھانپ دیں۔

4-جب بھی بالوں کو دھونے کی ضرورت ہو تو اپنے بالوں کو اوکٹینسن باڈی واش کے ساتھ ایک دوسرے کپڑے یا فلالین کے ساتھ استعمال کریں۔

5-یقینی بنائیں کہ اوکٹینسن آپ کی جلد (اور بالوں) پر پورے ایک منٹ کے لیے لگا رہے۔

6-صابن کی باقیات دور کرنے کے لیے شاور کے نیچے کھڑے ہو کر اچھی طرح سےدھو لیں۔

7- اپنی جلد کو اچھی طرح خشک کریں۔ (ذیل میں رہنمائی کے بعد)

یقینی بنائیں کہ آپ دو صاف اور خشک تولیے فی شاور استعمال کرتے ہیں۔

- ایک اوپری جسم کے لیے(کمر سے اوپر)

- ایک نچلے جسم کے لیے( کمر سے نچلا حصہ)

- ایک نچلے جسم کے لیے( کمر سے

سٹرنم کو سپورٹ کریں۔ اس کے ساتھ ساتھ انفیکشن کے پھیلاؤ کو روکنے کے اپنے منہ کو ڈھانپیں۔

ہم زور دیتے ہیں کہ کھانسی کے دوران آپ سیلف-ہگ تکنیک کا استعمال کریں جیسا کہ اگلے صفحے پر دکھایاگیا ہے۔ اپنے سینے کو سہارا دینے سے آپ کے سٹرنم کو صحت یاب ہونے میں مدد ملتی ہے اور یہ سینے کا زحم کھلنے سے روکتی ہےجس سے انفیکشن ہونے کا خطرہ ہو سکتا ہے۔

آپ کا سرجن سکشن ڈریسنگ لگانے کا انتخاب کرسکتا ہے جو آپ کے سٹرنم میں ایک چھوٹے سے موبائل پمپ کے ذریعے چلتی ہے۔ یہ سسٹم سرجیکل سائٹ پر انفیکشن کے خطرے کو کم کرنے میں مدد کرتا ہے۔اسے سرجری کے تقریبا ایک ہفتے کے بعد ہٹا دیا جاتا ہے۔ یہ تھیراپی انسیزنل ویک کہلاتی ہے

سے حفاظت میں مدد ملے گی۔

- آپ کی دیکھ بھال میں شامل عملہ جانتا ہے کہ ضرورت پڑنے پر آپ کے زخم کی ڈریسنگ تبدیل کریں گے یا اتار دیں گے۔
- براہ کرم اپنےزخم کو خود ہاتھ نہ لگائیں کیونکہ آپ بیکٹیریا اپنے جسم میں داخل کرنے اور انفیکشن ہونے کا ذریعہ بن سکتے ہیں جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے۔
- آپریشن کے بعد جب محفوظ ہو گا تو نرس آپ کو شاور کرنے کا مشورہ دے گی۔اس کے لیے آپ ایک لیکوئیڈ صابن کا استعمال کر سکتے ہیں۔
- براہ کرم زخم کے مکمل صحت یاب ہونے تک اس پر کوئی لوشن، مرہم یا ٹیلکم پاؤڈر نہ لگائیں۔

تمام عملے کو آپ کی دیکھ بھال سے پہلے اپنےہاتھ دھونے یا ہینڈ رب استعمال کرنے کی ضرورت ہےاور ہم آپ کو ترغیب دیتے ہیں کہ آپ ان سے پوچھیں کہ اگر انہوں نے ایسا کیا ہے۔یہ بھی ضروری ہے کہ آپ سرجری کے بعد انفیکشن سے بچاؤ کے لیےاپنے ہاتھ صاف رکھیں۔

تمام خواتین مریضوں کو یہ ضروری نصیحت ہے کہ وہ کم ازکم دو نرم برا لے کر آئیں۔خصوصاسرجری کے کم از کم 12 ہفتے بعد تک سونےکے لیے اور سینے کے زخم کو سہارا دینے کے لیے آگے کی طرف کھلنے والی برا کا استعمال زیادہ بہتر رہتا ہے۔

سرجری کے بعد جب کھانسی کرنے کی ضرورت ہوتو ضروری ہے کہ آپ اپنے

# Self-hug cough technique for post cardiothoracic surgical patients



ایک ٹشو لیں۔



اپنے بازو  خود کو مصافحہ کرنے کے انداز میں سینے پر رکھیں۔



اپنے موڑے ہوے بازؤں سے
اپنے سینے پر ہلکا سا دباؤ
ڈالتے ہوے ٹشو پیپر میں
کھانسیں۔



ٹشو کو ریسیپٹیکل /
میں ضائع کر دیں۔



اپنے ہاتھ صاف کر لیں یا دھو لیں۔

ہم امید کرتے ہیں کہ کتابچے میں موجود معلومات سے آپ کی تسلی ہو گئی ہو گی اور آپ سمجھ گیے ہوں گے کہ رائل پاپ ورتھ ہسپتال میں انفیکشن کی روک تھام اور کنٹرول کے لئےکیےجانے والے اقدامات ہمارے مسلسل عزائم کا حصہ ہیں-

رائل پاپ ورتھ ہسپتال سےڈسچارج ہونے کے بعد اگر آپ کسی سرجیکل انفیکشن کا شکار ہو جاتے ہینتو پہلی فرصت میں اپنے جی پی سے رابطہ کریں-

تاہم، براہ مہربانی سرجیکل سائٹ سرویلنس ٹیم کو بھی اس انفیکشن سے رابطہ کریں تاکہ ہم انفیکشن کی شرح کی نگرانی کر سکیں اور ضرورت کے مطابق رہنمائی کر سکیں -

اگر آپ کے پاس مزید سوالات ہیں تو براہ مہربانی در ذیل ٹیموں میں سے کسی سے بھی رابطہ کرنے سے نہ ہچکچائیں-:

**سرجیکل سائٹ سرویلنس ٹیم**

**ٹیلی فون:01223 638033**

ووںڈ کئیر ٹیم

ٹیلی فون: 01223 68300

کارڈئیک سپورٹ نرس

ٹیلی فون: 68300 01223

رائل پاپ ورتھ ہسپتال این ایچ ایس فاؤنڈیشن ٹرسٹ

کیمبرج یونیورسٹی ہیلتھ پارٹنرز کا رکن

پاپ ورتھ روڈ
کیمبرج بائیو میڈیکل کیمپس
سی بی 2 0 اےوائی

royalpapworth.nhs.uk

01223 638000


اس کتابچے کے بڑی پرنٹ کاپیاں اور متبادل زبانی کےورژن درخواست پر دستیاب ہیں۔
کیو آر کوڈ اسکین کرکے اس کتابچے کا ڈیجیٹل ورژن دیکھیں۔


| | |
|---|---|
| مصنف کی شناخت: | ٹشو وائي ایبل اور سرجیکل سائٹ کی نگرانی کی نرس |
| شعبہ | ٹشو وائي ایبلٹی |
| ری پرنٹڈ: | نومبر 2023 |
| ریویو ڈیٹ: | نومبر 2025 |
| ورژن: | 5 |
| لیف لٹ نمبر: | PI 194 |

Translated into Urdu by Cintra


رائل پاپ ورتھ ہسپتال این ایچ ایس فاؤنڈیشن ٹرسٹ 2023 ©